20898- حیض کی درمیانی مدت کتنی ہے ؟

سوال

طھر کی کم از کم مدت کیا ہے ؟
مجھے ماہواری بروقت نہیں آتی بعض اوقات کئی کئی ماہ تک حیض آتا ہی نہیں ، اور بعض اوقات وقت سے قبل ہی آجاتا ہے ، دس روز قبل میں نے ماہواری سے غسل کیا ہے اس دوران کبھی کبھار زرد رنگ کا پانی آتا رہالیکن دس روز بعد زیادہ ہوگیا اور درد کے ساتھ ماہواری کا خون آنا شروع ہوگیا مجھے کہا گیا کہ میں غسل کر کے نماز کی ادائیگی کرتی رہوں کیونکہ طھر کی کم از کم مدت پندرہ یوم ہے .
اس سلسلے میں مجھے فتوی دیں اللہ تعالی آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے کیونکہ میں نے اسے حیض سمجھتے ہوئے نماز ترک کردی تھی ؟

پسندیدہ جواب

ماہواری کے درمیان طھر کی کم از کم مدت کی کوئی حد مقرر نہیں بلکہ جب ماہواری کا سیاہ اور معروف خون آئے جو بدبودار بھی ہوتا ہے عورت نماز روزہ ترک کردے گی ، شرط یہ ہے کہ اس کا مجموعی حیض نصف مدت (مہینہ میں پندرہ یوم) سے تجاوز نہ کرے .

اور طھر کے بعد زرد اور مٹیالے رنگ کا پانی آنا کچھ شمار نہیں ہوتا اور نہ ہی اسے حیض کا حکم دیا جائیگا .

واللہ اعلم .